2025-08-12

Hrs 08.30

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ................................. محمدعمار

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

1- وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت، یوکرین-روس تنازعے کے فوری اور پُرامن حل کے لیے پُرعزم ہے۔ جناب مودی نے ٹیلی فون پر یوکرین کے صدر کے ساتھ بات چیت کی۔

2- بھارت نے امکانی نیوکلیائی خطرے سے متعلق پاکستانی فوج کے سربراہ کے بیان کی شدید مذمت کی ہے۔ اُس نے پاکستان کو نیوکلیائی ہتھیاروں کا حامل ایک غیر ذمہ دار ملک قرار دیا۔

3- لوک سبھا نے انکم ٹیکس اور Taxation قوانین ترمیمی بل کو زبانی ووٹ سے منظوری دی۔

4- بھارتی محکمہٴ موسمیات IMD نے اتراکھنڈ اور ہماچل پردیش میں آج انتہائی شدید بارش کے لیے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔

5- اور: بھارت نے بینکاک میں 19 سال سے کم عمر اور 22 سال سے کم عمر کی ایشیائی باکسنگ چیمپین شپ میں سونے کے چار تمغوں سمیت 27 تمغے جیتے ہیں۔

اب خبریں تفصیل سے۔

PM Zeelensky

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت یوکرین-روس تنازع کے فوری اور پرامن حل کے لیے پُرعزم ہے اور وہ اِس سلسلے میں ہر ممکن تعاون کرے گا۔

یوکرین کے صدر ولودیمیر زیلینسکی کے ساتھ ٹیلی فون پر بات چیت میں وزیر اعظم نے کہا کہ یوکرین-روس تنازع کے فوری اور پرامن حل کی ضرورت کے بارے میں بھارت کا مستقل موقف رہا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب مودی نے کہا بھارت اس میں ہر ممکن تعاون کرنے کے ساتھ ساتھ یوکرین کے ساتھ دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے لیے پُرعزم ہے۔ وزیر اعظم مودی نے حالیہ حالات وواقعات کے بارے میں جناب زیلنسکی کے نقطہ نظر کو بھی سنا۔

وزیر اعظم مودی نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور روس کے صدر ولادیمیر پُتن کے درمیان ہونے والی بات چیت سے قبل یوکرین کے صدر سے بات کی۔

دونوں رہنماؤں کے درمیان اگلے جمعے کو الاسکا میں جنگ کے مستقبل پر تبادلہٴ خیال کرنے کے لیے بات چیت ہوگی۔

جناب ٹرمپ نے سوشل میڈیا پر اِس کا اعلان کیا۔ بعد میں روس کے ترجمان نے اس کی تصدیق کی، انھوں نے کہا کہ میٹنگ کا یہ مقام الاسکا کے روس سے قریب ہونے کے سبب کافی موزوں ہے۔x

MEA Pak

بھارت نے امکانی نیوکلیائی خطرے سے متعلق پاکستانی فوج کے سربراہ عاصم منیر کے تبصرے کی سخت مذمت کی ہے۔ ایک بیان میں وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ بھارت نے پہلے ہی یہ واضح کردیا ہے کہ وہ کسی بھی نیوکلیائی بلیک میل کے آگے نہیں جھکے گا۔ انھوں نے کہا کہ بھارت اپنی قومی سلامتی کے تحفظ کیلئے سبھی ضروری اقدامات اٹھانا جاری رکھے گا۔ بیان میں کہا گیا کہ "نیوکلیائی دھمکی دینا پاکستان کا کاروبار میں ایک اسٹاک ہے" اور اس بات پر افسوس ظاہر کیا گیا ہے کہ اس طرح کے تبصرے ایک تیسرے دوست ملک کی سرزمین سے کئے گئے ہیں۔

وزارت خارجہ نے بین الاقوامی برادری کو خبردار کیا کہ وہ اِن تبصروں میں پنہاں غیر ذمہ دارانہ رویے پر خود نتیجہ اَخذ کرے، جوکہ پاکستان کی نیوکلیائی کمان اور کنٹرول کی سا لمیت سے متعلق تشویش کو بھی بڑھاتے ہیں، خاص طور سے دہشت گردوں کے ساتھ فوج کے قریبی روابط کے مد نظر۔x

LS Income Tax Bill

لوک سبھا نے Taxation قوانین ترمیمی بل 2025 اور انکم ٹیکس نمبر 2 بل 2025 کو زبانی ووٹ سے منظور کرلیا ہے۔ مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتارمن نے بہار میں ووٹر لسٹ پر خصوصی نظرثانی کے عمل اور دیگر معاملات پر اپوزیشن ارکان کے احتجاج کے درمیان یہ بل پیش کئے۔ انکم ٹیکس نمبر 2 بل 2025 کا مقصد انکم ٹیکس سے متعلق قانون کو مستحکم اور ترمیم کرنا ہے، جبکہ Taxation قوانین ترمیمی بل 2025 انکم ٹیکس ایکٹ 1961 میں مزید ترمیم کرے گا اور اس کے تحت مالی ایکٹ 2025 میں ترمیم ہوگی۔ جنوری 2014 سے حکومت نے کئی اصلاحات کی ہیں۔ انکم ٹیکس قانون میں بھی پچھلے 10 برسوں میں اصلاح ہوئی ہے، جس میں کارپوریٹ ٹیکس اصلاحات، پرسنل انکم ٹیکس اصلاحات، Capital Gains کے ٹیکسیشن میں اصلاحات شامل ہیں۔

ٹیکس انتظامیہ کو مزید مؤثر، شفاف اور ٹیکس دہندگان کے موافق بنایا گیا ہے۔x

ECI Fact Check

انتخابی کمیشن نے ووٹر فہرست کی خصوصی نظرثانی SIR پر کانگریس لیڈر راہل گاندھی اور آر جے ڈی سمیت سیاسی پارٹیوں کے دعوؤں کو مسترد کر دیا ہے۔ سوشل میڈیا پر سلسلے وار حقائق کی جانچ کرتے ہوئے انتخابی کمیشن نے کہا کہ صحیح اور شفاف ووٹر فہرستیں جمہوریت کو مضبوط کرتی ہیں۔ کمیشن نے SIR سے متعلق تمام دستاویزات اور ذاتی معلومات کے فارم جمع کرنے کے مرحلے کے اہم نتائج بھی جاری کیے۔ کمیشن نے بہار میں SIR سے متعلق اپنے یومیہ بلیٹن کو بھی شیئر کیا۔ انتخابی کمیشن نے کہا کہ بہار میں SIR سے متعلق ووٹروں کی جانب سے براہِ راست موصول ہونے والے 10 ہزار 570 میں سے 127 دعوے اور اعتراضات کو اب تک حکام کی جانب سے نمٹا دیا گیا ہے۔x

Nitin Gadkari Pune Visit

سڑک اور ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کے مرکزی وزیر نتن گڈکری نے کہا ہے کہ اگر قدرتی ایندھن اور گرین ہائیڈروجن کی پیداوار اور اُن کے استعمال میں اضافہ ہوتا ہے، تو بھارت توانائی کی برآمدات کرنے والا ملک بن سکتا ہے۔ جناب گڈکری عالمی بایو فیول ڈے کے موقع پر پونے میں 'Bioverse' پہل کے افتتاح کے دوران خطاب کررہے تھے۔ وزیر موصوف نے کہا کہ قدرتی ایندھن سے متعلق انقلاب درآمدات میں کمی اور دیہی معیشت کو تقویت بخشنے میں اہم رول ادا کرے گا۔ انہوں نے زرعی پیداوار سے گرین ہائیڈروجن جیسے ماحولیات کیلئے موزوں ایندھن پر مزید تحقیق کی ضرورت پر زور دیا۔

S/B Nitin Gadkari

SC Stary Dogs

دلّی سرکار نے قومی راجدھانی خطہ دلی میں کتوں کے کاٹنے اور Rabies پر کنٹرول سے متعلق سپریم کورٹ کے حکم کا خیر مقدم کیا ہے۔ آوارہ کتوں کو فوری طور سے پکڑنے، انھیں Sterilise کرنے اور مستقل طور پر اُنھیں متعلقہ بسیروں میں منتقل کئے جانے کو کہا گیا ہے۔

اِس سے قبل عدالت عالیہ نے قومی راجدھانی خطہ دلی میں کتوں کے کاٹنے اور Rabies پر کنٹرول کے لیے سخت ہدایات جاری کی ہیں۔ اِس کے لیے آوارہ کتوں کو فوری طور سے پکڑنے، انھیں Sterilise کرنے اور مستقل طور پر اُنھیں متعلقہ بسیروں میں منتقل کئے جانے کو کہا گیا ہے۔ عدالت نے کہا ہے کہ آوارہ کتوں کو پکڑے جانے کے بعد پھر سے عوامی مقامات پر نہ چھوڑا جائے۔

بچوں پر آوارہ کتوں کے حملوں کی اطلاعات کی بنیاد پر اپنے طور پر نوٹس لیتے ہوئے ایک کیس میں عدالت نے یہ ہدایات جاری کی ہیں۔ x

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

IMD Weather

بھارت کے محکمہ موسمیات IMD نے اتراکھنڈ اور ہماچل پردیش میں آئندہ 7 دنوں میں شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ:

VC- Ishani

محکمہ موسمیات کے مطابق مغربی بنگال، سکم، اروناچل پردیش، آسام اور میگھالیہ میں جمعرات تک شدید بارش کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات نے ان ریاستوں کے علاوہ اتراکھنڈ اور ہماچل پردیش میں آج موسلادھار بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ محکمہ موسمیات نے بہار اور اڈیشہ کے بھی کچھ علاقوں میں شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق بہار، جموں وکشمیر، لداخ، جھارکھنڈ اور انڈمان ونکوبار جزائر میں آج تیز ہوائیں چلنے اور گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔

نئی دلّی سے Ishani کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں ......

UIDAI Face Authentication

آدھار کے ذریعے چہرے کی تصدیق کے نظام سے 10 اگست 2025 تک 200 کروڑ سے زیادہ لین دین ہوا ہے، اِس طرح اِس نظام نے ایک اہم سنگ میل طے کیا ہے۔ صرف چھ ماہ میں لین دین کی یہ تعداد 100 کروڑ سے بڑھ کر 200 کروڑ ہو گئی ہے۔

اس کامیابی کے سلسلے میں بات کرتے ہوئے UIDAI کے CEO بھونیش کمار نے کہا کہ اتنے کم وقت میں آدھار کے ذریعے چہرے کی تصدیق کے نظام سے 200 کروڑ لین دین تک پہنچنا اس اعتماد اور بھروسے کو ظاہر کرتا ہے جو شہریوں اور خدمات فراہم کرنے والوں دونوں کو آدھار کے محفوظ، جامع اور جدید تصدیقی نظام پر ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ سفر خود اس کے وسعت پذیر ہونے اور ملک کی ڈیجیٹل تیاری کا ثبوت ہے۔

چہرے کی تصدیق کا نظام لوگوں کو صرف اپنے چہرے کا استعمال کرتے ہوئے فوری طور پر اپنی شناخت کی تصدیق کرنے کی سہولت فراہم کرتا ہے، جس کے لیے کسی دستاویز یا فزیکل جسمانی رابطے کی ضرورت نہیں ہوتی ہے۔ یہ نظام محفوظ، تیز رفتار ہے اور کسی بھی وقت، کہیں بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔ یہ نظام پورے ملک میں دور دراز کے گاؤں سے لے کر مصروف ترین شہروں تک، لوگوں کو آسانی سے خدمات حاصل کرنے میں مدد فراہم کر رہا ہے-x

Har Ghar Tiranga Jammu

جموں و کشمیر میں آزادی کا امرت مہوتسو کے تحت ہر گھر ترنگاکے مرکزی خیال کے ساتھ سری نگر کے سیاحتی مقام بوٹینیکل گارڈن میں آج صبح سے ترنگا مہوتسو 2025 جاری ہے۔ اِس مہوتسو میں حصہ لینے والے افراد قومی مہم کے لیے اپنی وابستگی، حب الوطنی اور وفاداری کا اظہار کر رہے ہیں۔

پیش ہے سری نگر سے ہمارے نامہ نگار کی رپورٹ

V/C Tariq Rather

Telangana har Ghar Tiranga

تلنگانہ میں BJP کی ریاستی شاخ نے ملک کی جنگ آزادی کی یاد میں شہریوں کو متحد کرنے اور قومی افتخار کو جشن دینے کے لیے ہر گھر ترنگا اور ترنگا یاترا کے ساتھ یوم آزادی منانے کے منصوبوں کا اعلان کیا ہے۔

BJP کے ریاستی صدر این رام چندر راؤ نے کہا کہ پارٹی ہر گھر ترنگا مہم کے چھ سال پورے ہونے پر 15 اگست کو ہر گھر میں ترنگا لہرانے کی حوصلہ افزائی کرنے کے لیے حیدرآباد اور ریاست بھر میں تقریبات کی تیاری کر رہی ہے۔

انہوں نے بتایا کہ 14 اگست کو حیدرآباد میں ایک ریلی نکالی جائے گی جس میں تقریباً 15 ہزار طلباء شامل ہوں گے۔

World Elephant Day

ہاتھیوں کا عالمی دن ہر سال 12 اگست کو منایا جاتا ہے۔ اس کا مقصد زمین پر سب سے اہم مخلوقات میں سے ایک کے تحفظ کو یقینی بنانا ہے۔ قومی سطح پر ہاتھیوں کا عالمی دن 2025 آج تمل ناڈو کے شہر کوئمبٹور میں منایا جائے گا۔ یہ تقریب ماحولیات، جنگلات اور آب وہوا میں تبدیلی کی وزارت تمل ناڈو کے محکمہ جنگلات کے اشتراک سے منعقد کررہی ہے۔ بھارت میں، دنیا میں جنگلی ہاتھیوں کی آبادی کا تقریباً 60 فیصد ہے، جہاں ہاتھیوں کیلئے 33 محفوظ علاقے اور 150 شناخت شدہ کوریڈور ہیں-x

VC-Sudhindra

Chamrajnagar قومی شاہراہ 67، جو کہ باندی پور نیشنل پارک سے ہوکر گزرتی ہے، ایک شخص جنگلی ہاتھی کی تصویریں لینے کیلئے کار سے باہر نکلا، جس پر ایک ہاتھی نے حملہ کردیا۔ یہ ویڈیو کل وائرل ہوئی تھی، جو انسانوں اور ہاتھیوں کے درمیان ٹکراؤ کے بارے میں ہمیں سوچنے پر مجبور کرتی ہے۔ کرناٹک کے جنگلات کے وزیر Eeshwar Khandre نے بتایا کہ اس سال ہی ہاتھیوں نے 13 لوگوں کو ہلاک کیا ہے۔ جنگلاتی رقبے میں کمی ہورہی ہے، جس سے اس ٹکراؤ میں اضافہ ہورہا ہے۔ وزیر موصوف نے کہا کہ محکمہ جنگلات شاہراہوں پر گزشت کو متعارف کرائے گا، تاکہ لوگوں کو اپنی گاڑیوں سے باہر نکلنے سے روکا جاسکے اور ہاتھیوں کیلئے مخصوص پارکوں کا منصوبہ بنایا گیا ہے، تاکہ وہ انسانی آبادیوں میں داخل نہ ہوسکیں۔

بینگلورو سے Sudhindra کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں ......

## Uttarkhand Red Alert

اتراکھنڈ کے مختلف حصوں میں پچھلے دو دن سے مسلسل بارش کی وجہ سے معمول کی زندگی متاثر ہوئی ہے۔ شدید بارش کی وجہ سے اہم ندیوں کی آبی سطح میں تیزی سے اضافہ ہوا ہے جبکہ پہاڑی جھرنوں اور نالوں میں طغیانی ہے۔ میدانوں کے نشیبی علاقوں میں پانی جمع ہو گیا ہے جبکہ پہاڑی علاقوں میں چٹانیں کھسکنے اور شدید بارش کی وجہ سے کئی سڑکیں بند ہوگئی ہیں جس سے نقل و حمل متاثر ہوئی ہے-x

## BLA Foreign Terrorist Ogransation

امریکی وزارت خارجہ نے بلوچستان لبریشن آرمی اور اُس کے بازو مجید بریگیڈ کو بیرونی دہشت گرد تنظیم قرار دیا ہے۔ اُس نے مزید کہا کہ مجید بریگیڈ کو خصوصی طور پر بین الاقوامی دہشت گرد تنظیم کے زمرے میں رکھا گیاہے۔ واضح رہے کہ BLA کو 2019 میں امریکہ نے دہشت گردانہ حملے کے باعث دہشت گرد تنظیم کے زمرے میں رکھا گیا ہے-x

## Shah All India Speakers Conference

مرکزی وزیر داخلہ، امت شاہ اِس مہینے کی 24 تاریخ کو قومی راجدھانی میں دلی اسمبلی میں دو روزہ آل انڈیا اسپیکرز کانفرنس کا افتتاح کریں گے۔ یہ کانفرنس وِٹّھل بھائی پٹیل کے ملک کے پہلے منتخب اسپیکر کے طور پر مرکزی قانون ساز اسمبلی کے اسپیکر کا عہدہ سنبھالنے کے سو برس مکمل ہونے کی یاد میں منعقد کی جا رہی ہے۔

دلی اسمبلی کے اسپیکر وجیندر گپتا نے مطلع کیا ہے کہ اِس موقع پر وِٹّھل بھائی پٹیل کی زندگی، پارلیمانی خدمات اور آزادی کی جدوجہد میں اُن کے رول کو اُجاگر کرنے کے لیے ایک نمائش، خصوصی دستاویزی فلم اور ایک یادگاری ڈاک ٹکٹ جاری کیا جائے گا-x

## Asian Boxing Championship

مکّے بازی میں کَل خواتین کے 80کلوگرام سے زیادہ کے زُمرے میں Ritika کے سونے کا تمغہ جیتنے کے ساتھ 19 سال اور 22 سال سے کم عمر کی ایشیائی چمپئن شپ 2025 میں بھارت کی مہم کامیابی کے ساتھ اختتام پذیر ہوئی۔ یہ چمپئن شپ بینکاک میں منعقد ہوئی، جس میں بھارتی ٹیموں نے دونوں عمر کے گروپوں میں کُل 27 تمغے حاصل کئے۔

19 سال سے کم عمر کی ٹیم نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا اور سونے کے 3، چاندی کے 7 اور کانسے کے 4 تمغوں کے ساتھ دوسرے نمبر پر رہی۔ جبکہ 22 سال سے کم عمر کی ٹیم نے سونے کا ایک، چاندی کے 4 اور کانسے کے 8 تمغوں سمیت 13 تمغے حاصل کئے۔ اس گروپ میں سونے کا تمغہ حاصل کرنے والی واحد کھلاڑی Ritika رہیں-x

## World Games

چین کے Chengdu میں عالمی گیمس 2025 میں Wushu میں خواتین کے 52 کلوگرام زُمرے کے فائنل میں آج شام بھارت کی نَمرَتا بَترا کا مقابلہ چین کی Mengyue Chen سے ہوگا۔ یہ اہم میچ بھارتی وقت کے مطابق شام ساڑھے پانچ بجے ہوگا۔

کَل نَمرتا نے فلپینس کی Krizan Faith Collado کو دو-صفر سے ہرا کر تاریخ رقم کی تھی۔ اس کے ساتھ ہی انہوں نے Wushu میں عالمی گیمس میں بھارت کو پہلا تمغہ ملنا یقینی بنالیا تھا۔

اِس سے قبل رِشبھ یادو نے مردوں کے کمپاؤنڈ تیر اندازی مقابلے میں کانسے کا تمغہ جیت کر اِس ٹورنامنٹ میں بھارت کیلئے پہلا انفرادی میڈل جیتا۔ x

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... عبدالواحد

شکریہ - محمدعمار

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے ارکان پارلیمنٹ کیلئے نئے فلیٹوں کے افتتاح کو صفحہ اول پر شائع کیا ہے۔ روزنامہ راشٹریہ سہارا کی سرخی ہے: بھارت کی چار بڑی ندیوں کے نام سے موسوم کئے گئے چار ٹاوَر۔

روزنامہ پرتاپ نے یوکرین کے صدر زیلنسکی سے وزیراعظم نریندر مودی کی بات چیت کو نمایاں طور پر شائع کیا ہے۔ اخبار کی سرخی ہے، دونوں لیڈروں کی ستمبر میں اقوام متحدہ میں ملاقات ہوگی۔

یوم آزادی تقریبات سے متعلق تیاریوں کو بھی اردو اخبارات نے نمایاں جگہ دی ہے۔ ہندوستان ایکسپریس نے سرخی لگائی ہے کہ 7 ہزار 500 سے زائد سکیورٹی اہلکار تعینات ہوں گے: دلّی پولیس۔

اخبارات میں شائع ہونے والی اہم بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں:

* سیاحتی ویزے سے متعلق کویت کا اہم اعلان، GCC رکن ممالک کے شہریوں کو آن ایرائیول ویزے کی سہولت۔

* ترکیہ میں زلزلے کے بعد بھی 200 سے زیادہ جھٹکے محسوس کئے گئے۔

* ایران کے اعلیٰ سکیورٹی ادارے کے سربراہ علی لاریجانی کا عراق اور لبنان کا دورہ۔

* بنگلہ دیش میں ڈینگی سے رواں سال اب تک 101 افراد کی موت۔

------------

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت، یوکرین-روس تنازعے کے فوری اور پُرامن حل کے لیے پُرعزم ہے۔ جناب مودی نے ٹیلی فون پر یوکرین کے صدر کے ساتھ بات چیت کی۔

2- بھارت نے امکانی نیوکلیائی خطرے سے متعلق پاکستانی فوج کے سربراہ کے بیان کی شدید مذمت کی ہے۔ اُس نے پاکستان کو نیوکلیائی ہتھیاروں کا حامل ایک غیر ذمہ دار ملک قرار دیا۔

3- لوک سبھا نے انکم ٹیکس اور Taxation قوانین ترمیمی بل کو زبانی ووٹ سے منظوری دی۔

4- بھارتی محکمۂ موسمیات IMD نے اتراکھنڈ اور ہماچل پردیش میں آج انتہائی شدید بارش کے لیے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔

5- اور: بھارت نے بینکاک میں 19 سال سے کم عمر اور 22 سال سے کم عمر کی ایشیائی باکسنگ چیمپین شپ میں سونے کے چار تمغوں سمیت 27 تمغے جیتے ہیں۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

------------------------